## قائدتحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ ملک بھر میں پھیل چکا ہے، عبدالحسیب
## حلقہ 94ء کی نشست پر ضمنی الیکشن کے سلسلے میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے صوبائی وزیر، ودیگر کا خطاب

کراچی۔۔۔15، اگست 2010ء

حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ ملک پھیل چکا ہے جو کہ جلد ہی ملک کی مظلوم ومحکوم عوام میں انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔ جاگیردارانہ نظام نے 63 سالوں سے ملک کے عوام غربت، بھوک، افلاس کے سوا کچھ نہیں دیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ 94ء کی نشست پر ضمنی الیکشن کے سلسلے میں یونٹ مخدوم یا اسکول میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ، رکن سندھ اسمبلی منظر امام، ایم کیو ایم کی جانب سے نامزد کردہ اُمیدوار سیف الدین خالد سمیت علاقائی یونٹس، سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان سمیت عوام کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے نظریہ کی سچائی ہے کہ آج الحمداللہ تمام مکتبِ فکر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی آنیوالی نسلوں کی بقاء وسلامتی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ومنظم ہوکر جدوجہد کررہے ہیں اور ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جو 98ء فیصد غریب ومظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج ایم کیو ایم کے حق پرست نمائندے عوام کے دیرینہ مسائل کو حل کرنے کیلئے شبانہ روز مصروفِ عمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضمنی انتخابات کے سلسلے میں عملی طور پر آپ کو اپنا اہم کردار ادا کرنا ہوگا اور ایم کیو ایم کی جانب سے نامزد کردہ اُمیدوار کو ووٹ دیکر کامیاب کرانا ہوگا۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ نے کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کی خدمت یقین رکھنے والی واحد جماعت جو عوام کی بلا امتیاز رنگ ونسل زبان خدمت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 22 ستمبر کا دن مظلوم وغریب کیلئے نئی صبح کا آغاز ہوگا اور حق وباطل کے معرکے میں کامیابی حق کو ہی نصیب ہوگی اور وہ دن دور نہیں جب ملک میں مظلوموں حکمرانی قائم ہوگی۔ اس دوران رکن سندھ اسمبلی منظر امام کارنر میٹنگ سے عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندے عوام کی خدمت کے دعویٰ نہیں کرتے بلکہ عملی طور پر عوام کے مسائل کے حل کیلئے شبانہ روز کوشاں ہیں انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ انتخابات کے روز ایم کیو ایم کے نامزد کردہ کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور اپنے حق پرست ہونے کا ثبوت دیں۔ کارنر میٹنگ سے ایم کیو ایم کے نامزد کردہ اُمیدوار سیف الدین خالد نے عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ملک مظلوم عوام کا انقلاب لانا چاہتی جس کیلئے ہمیں اور آپ کو ملکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ ملکر جدوجہد کرنی ہوگی تاکہ اس ملک سے دو فیصد جاگیردار وذیرانہ نظام کا خاتمہ کیا جاسکے اور ملک میں پڑھے لکھے باشعور عوام کی حکمرانی قائم ہوسکے۔ علاوہ ازیں عوام نے ایم کیو ایم کی جانب سے کیئے جانیوالے اقدامات کو سراہاتے ہوئے ضمنی انتخابات ایم کیو ایم کیساتھ تعاون کا ہر ممکن یقین دلایا۔ اس موق پر رکن قومی اسمبلی اقبال قادری نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆